فون 99212639 ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

آئی جی سندھ ۔8

عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرنے کیلئے محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

کراچی، 13، اکتوبر 2013ء۔ انسپکٹر جنرل پولیس سندھ شاہد ندیم بلوچ نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ قربانی کی کھالوں کے جمع کرنے اور منتقلی کے جملہ امور کو پرامن بنانے کے ضمن میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے تعاون اور محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق برائے عیدالاضحیٰ سال 2013 پر عمل درآمد کے ضمن میں احتیاطی غیر جانبدارانہ اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ حتمی طور پر مرتب کردہ ضابطہ اخلاق کی تمام شرائط پر عمل درآمد کے ضمن میں ضلعوں کی سطح پر تمام رجسٹرڈ فلاحی سماجی تنظیموں اداروں، دینی مدارس وغیرہ و دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضابطہ اخلاق کی شرائط کے عین مطابق کھالیں جمع کرنیکے حوالے سے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری کردہ تحریری اجازت نامہ اور دیگر ضروری شناختی دستاویز کو بھی چیک کیا جائے۔ کھالیں جمع کرنیکے لیے کیمپ لگانے یا گاڑیوں پر جھنڈے لگا کر کسی قسم کے بھی لاؤڈ اسپیکر سے اعلان کی اجازت نہیں ہوگی۔ گھر گھر جاکر کھالیں جمع کرنیکی ممانعت پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ کھالیں جمع کرنیوالی تنظیموں اداروں، دینی مدارس کے کارکنان جب کھالیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کریں تو انکے پاس قومی شناختی کارڈ، ادارے کا کارڈ، متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی طرف سے جاری کردہ اجازت نامہ کی نقل کاپی کی موجودگی کو لازمی چیک کیا جائے بصورت دیگر مجاز اختیارات کے تحت اقدامات کو یقینی بنایا جائیگا۔ متعلقہ ضلعی ایس ایس پیز تمام اسٹیک ہولڈرز کی فہرستوں کی تفصیلات کے تحت مجموعی طور پر کھالیں جمع کرنیکی جگہوں اور منتقلی پر مامور گاڑیوں کی سیکیورٹی کو یقینی بنائیں گے۔ عیدالاضحیٰ کے تینوں دن کسی بھی قسم کا اسلحہ/لائسنس یافتہ اسلحہ، یا ڈنڈے لاٹھی، سلاخیں وغیرہ لیکر چلنے پر عائد پابندی پر عمل درآمد کے ضمن میں اسنیپ چیکنگ اقدامات کو مزید سخت بنایا جائیگا۔ بغیر اجازت کھالیں جمع کرنیوالوں اور ضابطہ اخلاق کی شرائط پر عمل درآمد نہ کرنیوالوں کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائی کی جائے۔

ترجمان سندھ پولیس نے عوام الناس سے کہا کہ کسی بھی شکایت کی صورت میں فوری طور پر مددگار 15 کال سینٹر، متعلقہ ایس ایس پی دفاتر قریبی تھانہ یا علاقہ میں گشت پر مامور پولیس موبائل/موٹر سائیکل افسر یا اہلکار سے رابطہ کریں۔

#